

# بگ نوائز کے اثر کے مطالعہ کی ملخص رپورٹ

مئی 2015

Glasgow Centre for Population Health

Education Scotland Foghlam Alba

GCU Glasgow Caledonian University

# بگ نوائز کے اثر کے مطالعہ کی ملخص رپورٹ

**مئی 2015**

**ہم کون ہیں؟** گلیسگو سینٹر فار پاپولیشن ہیلتھ (GCPH) گلیسگو میں قائم ایک تحقیقی تنظیم ہے۔ ہم زیادہ بہتر طریقہ سے یہ سمجھنا چاہتے ہیں کہ اسکاچستانی آبادی کی صحت کس طرح بہتر بنائیں اور اسکاٹ لینڈ میں امیر ترین اور غریب ترین لوگوں کے درمیان صحت کے ضمن میں پائے جانے والے خلا کو بہترین طریقہ سے کس طرح پُر کریں۔

**یہ تحقیق کس بارے میں ہے؟** سسٹیما اسکاٹ لینڈ ریپلوچ، اسٹرلنگ میں تقریبا آٹھ سال سے بگ نوائز پروگرام چلا رہی ہے اور گوان ہل، گلیسگو میں یہ پروگرام اپنے دوسرے سال میں ہے۔ اصل سسٹیما تنظیم نے، جو وینیزئیولا میں قائم ہے، آرکسٹرا میں شامل بچوں، ان کے گھرانوں اور وسیع تر برادریوں کے لئے قابل لحاظ سماجی اثرات کا مظاہرہ کیا ہے۔ ہم ان اثرات کی پیمائش کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں جو بگ نوائز اسکاٹ لینڈ میں برادریوں پر ڈال سکتی ہے۔

ہم نے پروگرام پر نظر ڈالی ہے اور ایسی متعدد خصوصیات کی شناخت کی ہے جو ان بچوں پر ایک مثبت اثر ڈال سکتی ہیں جو شرکت کر رہے ہیں۔ بگ نوائز پروگرام کی فراہمی کی تعلیمی خصوصیت اور اس پروگرام کے ممکنہ اقتصادی فوائد کو بہتر طریقہ سے سمجھنے کے لئے ہم ایجوکیشن اسکاٹ لینڈ کے تعلیمی تشخیص کاران اور گلیسگو کیلیڈونین یونیورسٹی کے ماہرین اقتصادیات کی ایک ٹیم کے ساتھ شراکت میں کام کر رہے ہیں۔

ہماری تحقیق میں بگ نوائز کے ریپلوچ اور گوان ہل دونوں کے مراکز میں وابستہ تقریبا 250 لوگوں سے بات کرنا شامل ہے۔ ہم نے بگ نوائز کے موسیقاروں، عملہ اور رضاکاران اور ان نوعمر لوگوں سے بات کی ہے جنہوں نے شرکت کی تھی اور اسی طرح ان نوعمر لوگوں سے بھی جو بگ نوائز میں نہیں گئے تھے۔ ہم نے کچھ ایسے گھرانوں، اساتذہ، دیگر مقامی تنظیموں اور پیشہ ور لوگوں سے بھی بات کی ہے جو بگ نوائز کے شانہ بہ شانہ کام کر رہے ہیں۔ ہم نے ان سے ایک تنظیم کی حیثیت سے سسٹیما اسکاٹ لینڈ کے بارے میں کچھ مخصوص سوالات اور بگ نوائز پروگرام کی فراہمی اور اس بارے میں سوالات پوچھے تھے کہ اس نے مجموعی طور پر شرکت کرنے والے بچوں اور نوعمر لوگوں، ان کے گھرانوں اور ان کی برادریوں پر کیا اثرات اور تبدیلیاں مرتب کئے تھے۔

## بگ نوائز کیا فراہم کرتی ہے؟

بگ نوائز ایک آرکسٹرا پروگرام فراہم کرتی ہے جس کا مقصد موسیقی کی مہارتیں اور ساتھ ہی ساتھ دیگر متعدد سماجی اور زندگی کی مہارتیں بڑھانا ہے۔ بگ نوائز پروگرام ان تمام بچوں اور نوعمر لوگوں کے لئے مفت ہے جو شرکت کرتے ہیں اور یہ درج ذیل

چیزیں فراہم کرتی ہے:

- آلات موسیقی کے اسباق
- آلات موسیقی
- آرکسٹرا کی مشقیں
- پروگرام کے مقام تک نقل و حمل
- اسنیک اور مشروبات
- بالغان کے لئے رضاکار بننے کے مواقع
- ہولی ڈے اسکول
- باہری دورے
- پروگرام اور موسیقی کی تقریبات
- بالغان کے لئے اسباق اور کلاسیں
- بچہ اور نگہبدار کی کلاسیں
- موسیقی کی دیگر تنظیموں کے لئے امدادی رکنیت

## بگ نوائز کس طرح فراہم کی جاتی ہے؟

ہم نے بگ نوائز کے طریق کار کی سات طاقتوں کی شناخت کی ہے جن کے بارے میں ہم سمجھتے ہیں کہ وہ ان بچوں اور نوعمر لوگوں پر مثبت اثرات کے حصول کے لئے اہم ہیں جو حصہ لیتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ ایسی دیگر تنظیمیں ان طاقتوں پر غور کریں گی جو اس سے ملتے جلتے کام کرنے کا ہدف رکھتی ہیں۔ ان میں شامل ہیں:

- **شمولیت اور رسائی** – اس پروگرام میں شرکت کرنے کے لئے بہت سے مختلف طریقوں سے زیادہ سے زیادہ لوگوں کی حوصلہ افزائی کرنا۔
- **مکملیت** – ہر ہفتہ ماہر موسیقاروں کی طرف سے مکمل ٹیوشن کا پروگرام فراہم کرنا۔
- **سیکھنے اور سیکھانے کا اجتماعی عمل** – بگ نوائز کی فراہمی برادری کے دیگر بچوں سے ملنے جلنے، سیکھنے اور موسیقی بجانے کے فائدوں کو محسوس کرنے کا اہل بناتی ہے۔
- **نیک نامی اور عمدگی** – بچوں کے لئے سیکھنے کے بہترین تجربات، آرکسٹرا، اس کے افراد، برادری اور تنظیم کا بہترین تصور فراہم کرنے کے لئے جد و جہد کرنا۔
- **تعلقات بنانا** – بچوں اور نوعمر لوگوں کے ساتھ مضبوط رشتے پروان چڑھانا اور گھرانوں اور مقامی تنظیموں کے ساتھ تعلقات بنانا۔
- **جدت اور لچک** – پُرعزم بننے کے لئے بڑی دشوار گزار چیزوں سے ٹکر لینے کے لئے تیار رہنا اور برادری کے اپنے حالات اور مقامی ضروریات کے مطابق ڈھالنے کے لئے کوشش کرنا۔

- **طویل عمر اور عہد بستگی** – اس پر ایک طویل مدتی نظر ڈالنا کہ لوگوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لئے کیا ہونا ضروری ہے۔

**شرکت کرنے والے بچے اور ان کے گھرانے بگ نوائز پروگرام کے بارے میں کیا سوچتے تھے۔**

جب ہم نے بچوں، ان کے والدین اور اساتذہ، سے بات کی تو یہ بتانے کے لئے کچھ عام الفاظ استعمال کئے گئے تھے کہ بگ نوائز ان کے لئے کیا معنی رکھتی ہے اور ان کے احساس کے مطابق انہوں نے اس پروگرام سے کیا حاصل کیا ہے۔ زیادہ تر ہماری الفاظ استعمال کئے گئے تھے۔ یہ الفاظ ذیل میں دیئے گئے ہیں۔




**بگ نوائز ریپلوچ کے بارے میں ایجوکیشن اسکاٹ لینڈ نے کیا کہا تھا؟**

بگ نوائز، ریپلوچ کے ذریعہ فراہم کی جانے والی تعلیم اور آموزش کے معیار سے متعلق ایجوکیشن اسکاٹ لینڈ کا جائزہ مجموعی طور پر مثبت تھا۔ اس پروگرام میں شامل بچوں کی بڑی تعداد، عملہ کا اعلی معیار اور بچوں کی کامیابیوں کے ضمن میں ٹیم نے پانچ کلیدی طاقتوں کی شناخت کی تھی۔ انہوں نے کیمپس میں پرائمری اسکول کے عملہ کے ساتھ مزید مشترک عمل اور علاقہ میں کام کرنے والے دیگر کمیونٹی پارٹنرز کے ساتھ مزید شمولیت سمیت متعدد اصلاحات کی بھی سفارش کی تھی۔

ذیل کے اقتباسات ایجوکیشن اسکاٹ لینڈ کی رپورٹ سے براہ راست لئے گئے ہیں۔ ایجوکیشن اسکاٹ لینڈ کی تشخیص کاران کی مکمل رپورٹ تک رسائی یہاں حاصل کی جا سکتی ہے:

**http://www.educationscotland.gov.uk/inspectionandreview/reports/irpressreleases/irprbignoiseraploch270115.asp**

"ان بچوں اور نو عمر لوگوں کی طرف سے اعلی درجہ کی شمولیت اور عہد بستگی جنہیں بگ نوائز کا حصہ ہونے پر فخر ہے۔"

"ایسے عملہ کی ٹیم کا پیشہ ورانہ جذبہ اور شوق جو موسیقی کے ذریعہ زندگیاں بدلنے کے تئیں عہد بستہ ہے۔"

"ان بچوں اور نو عمر لوگوں کی قابل لحاظ تعداد جنہوں نے موسیقی میں استثنائی طور پر اچھی کامیابی حاصل کی ہے۔"

"بچے، نو عمر لوگ اور گھرانے بگ نوائز میں اپنی شمولیت کے نتیجہ میں بہت پر اعتماد اور حوصلہ مند ہیں۔"

"مؤثر قیادت جس نے تنظیم کی مسلسل نشو و نما میں تعاون دیا ہے۔"

## بگ نوائز بچوں پر کیا اثرات ڈال سکتی ہے؟

GCPH نے وضاحت کی ہے کہ بگ نوائز ہر وقت بچوں پر کیا اثر ڈال رہی ہے اور طویل مدتی بنیاد پر مستقبل میں اس پروگرام کے ممکنہ اثرات کیا ہو سکتے ہیں۔ اس طرح مختصر سے لے کر طویل مدت تک اثرات کی وضاحت کرنے کو 'استدلالی نمونہ سازی' کہا جاتا ہے۔ آپ بگ نوائز کے استدلالی نمونے یہاں دیکھ سکتے ہیں:
**http://www.gcph.co.uk/**

جدول 1 تیار کردہ استدلالی نمونوں کا خلاصہ پیش کرتا ہے۔ یہ استدلالی نمونے بتاتے ہیں کہ اگر کوئی بچہ برابر بگ نوائز پروگرام میں شرکت کرتا ہے اور پروگرام میں پوری طرح شامل ہوتا ہے تو درج ذیل اثرات حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

جدول 1۔ ان بچوں پر اثرات جو بگ نوائز پروگرام میں حصہ لیتے ہیں۔

| اثر | کیسے | مستقبل میں اس کا کیا نتیجہ نکل سکتا ہے؟ |
|---|---|---|
| آموزش اور تعلیم کے ضمن میں کسی بچہ کی شمولیت کو تقویت دینا | ارتکاز توجہ، سماع اور مواصلات کی بہتر صلاحیتیں۔ اسکول میں بہتر حاضری۔ کلاس روم کے اندر بہتر اعتماد اور عزت نفس۔ | آموزش کے تئیں اضافی لطف اندوزی، اسکول کی کارکردگی اور ملازمت کے بہتر مواقع، جو بعد کی زندگی میں امکانی طور پر بہتر صحت اور سلامتی پر منتج ہو سکتی ہے۔ |
| کسی بچہ کی زندگی کی مہارتوں کو پروان چڑھانا اور بڑھانا | ذمہ داری، عزت نفس، اعتماد اور تحریک کی بہتر حس۔ اجتماعی کام کی مہارتوں کی نشو و نما اور تناؤ پر قابو پانا۔ | مضبوط آزاد افراد، بہتر ملازمتی صلاحیت اور اختیار دہی۔ طویل مدتی بنیاد پر صحت و سلامتی کو بہتر بنانے کا امکان۔ |
| کسی بچہ کی جذباتی صحت و سلامتی کو محفوظ بنانا | اضافی مسرت اور لطف اندوزی۔ صحیح انتخابات کرنے میں بچوں کی حوصلہ افزائی کرنے، استحکام فراہم کرنے اور ان کے تناؤ کی سطحوں کو کم کرنے کے لئے معاون ماحول۔ | دوستوں کی طرف سے مضبوط تعاون، کم تناؤ اور پرتناؤ اوقات کے دوران حالات سے نمٹنے کی بہتر صلاحیت۔ الکحل اور نشہ آور اشیاء کے غلط استعمال میں ملوث ہونے کے کم امکانات اور صحت و سلامتی کو بہتر بنانے کا امکان۔ |
| کسی بچہ کی سماجی مہارتوں اور نیٹ ورکس کی تعمیر کرنا | اضافی سماجی وقت اور مختلفلوگوں سے ملنا جلنا، زبان کیبہتر نشو و نما، نئے تجرباتاور مواقع اور دیگر ثقافتوںکے تئیں اضافی قوت برداشت۔ | تعلق کا اضافی احساس اور برادری کے ساتھ اندر اور باہر زیادہ مضبوط سماجی رشتے، وسیع تر سماجی نیٹ ورکس اور اس چیز کی بہتر سمجھ بوجھ کہ لوگ کس طرح مختلف ہیں اور یہ مثبت چیز کیوں ہے؟ |

| | | |
|---|---|---|
| کسی بچہ کے لئے سکون کا وقفہ اور تحفظ فراہم کرنا | بچوں اور نو عمر لوگوں کو وقت گزارنے کے لئے ایک محفوظ اور مثبت جگہ فراہم کرنا۔ | امکانی طور پر منشیات اور الکحل کا کم استعمال اور کم سماج مخالف رویہ اور صحت کو پہنچنے والا وہ نقصان جس کا سبب یہ رویے بن سکتے ہیں۔ |
| ایک موسیقار کے طور پر کسی بچہ کی نشو و نما کرنا | موسیقی کی مہارتیں )پڑھنے، ترتیب دینے اور سننے کی مہارتیں(، کارکردگی کی مہارتیں )اعتماد، مشترک تجربات اور اجتماعی صورت میں کام کرنے کی صلاحیتیں( سیکھنا۔ موسیقی اور اس کی جانکاری میں ایک دلچسپی پیدا کرنا۔ | ملازمت کے وسیع تر اور بہتر اختیارات سمیت اضافی تعلیمی اور تخلیقی مہارتیں۔ ثقافتی سرگرمیوں جیسے تھیٹر یا موسیقی کی تقریبات میں جانے میں اضافی دلچسپی۔ مسرت میں مجموعی اضافہ اور طویل مدتی بنیاد پر صحت و سلامتی کے ضمن میں امکانی اصلاحات۔ |
| صحت مند رویہ کی حوصلہ افزائی کرنا | بچوں اور نو عمر لوگوں کو وقت گزارنے کے لئے ایک محفوظ اور مثبت جگہ فراہم کرنا جہاں تغذیہ بخش کھانا فراہم کیا جاتا ہے۔ موسیقی کی مہارتیں اضافی جسمانی سرگرمی کے واسطہ سے جسمانی صحت و سلامتی کے ضمن میں اور کچھ لوگوں کے لئے سانس پر قابو رکھنے کے ضمن میں مدد دیتی ہیں۔ | سانس اور جسمانی ہم آہنگی کے ذریعہ جسم پر قابو رکھنے کی بہتر صلاحیت۔ کھانے اور سرگرم رہنے کے تئیں صحت مند طرز عمل کے نتیجہ میں بچے اور بالغان زیادہ صحت مند ہو سکتے ہیں۔ |

**گھرانوں اور ان کی برادری پر پڑنے والے اثر کے بارے میں کیا خیال ہے؟**

تحقیقی ٹیم نے ان اثرات پر بھی نظر ڈالی تھی جو بگ نوائز بچوں کے گھرانوں اور برادریوں پر ڈال رہی ہے۔ ان لوگوں کے لئے اثرات بہت پختہ تھے جو، ممکنہ طور پر بگ نوائز کی طرف سے منعقد کئے جانے والے ‹دی نوائز› (بالغان کے پروگرام) یا بیبی نوائز کلاسوں یا موسیقی کی عوامی تقریبات اور پروگراموں میں شرکت کرتے ہوئے، اس پروگرام سے بہت زیادہ وابستہ ہیں۔ ان میں شامل ہیں لوگوں کا اس جگہ کے بارے میں جہاں وہ رہتے ہیں اور ان لوگوں کے بارے میں جن کے ساتھ وہ رہتے ہیں بہتر محسوس کرنا، بڑھی ہوئی مسرت اور عزت نفس، اضافی سماجی روابط اور تعاون اور امکانی طور پر بہتر صحت و سلامتی۔

**اقتصادی فوائد کیا ہیں؟**

گلیسگو کیلیڈونین یونیورسٹی کے ماہرین اقتصادیات نے بگ نوائز، گوان ہل پروگرام چلانے کے اخراجات کا حساب لگایا ہے اور بگ نوائز کے مختلف اثرات کی مالی قدر و قیمت فراہم کی ہے۔ وہ اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ بگ نوائز اس سے زیادہ سماجی فائدے دیتا ہے جو اسے فی الواقع فراہم کرنے میں خرچ ہوتا ہے۔ ایسا اس لئے ہے کیوں کہ بگ نوائز مستقبل میں دیگر خدمات کی مانگ کو کم کر سکتا ہے – پریشانیوں کی روک تھام پر رقم خرچ کرنے میں اس سے کم خرچ ہوتا ہے جو مستقبل میں انہیں پریشانیوں کا مزید علاج کرنے پر ہوتا ہے۔ بگ نوائز زندگی میں مثبت انتخابات کرنے، حصول تعلیم میں زیادہ مدت تک رہنے، زندگی کے لئے اور کام کے لئے مہارتیں سیکھنے، ایک اچھی ملازمت پانے اور سماج مخالف رویہ میں حصہ نہ لینے میں کسی بچہ کی مدد کرے گی۔

## کیا بگ نوائز کچھ مزید کر سکتی ہے؟

ہاں۔ اگرچہ بگ نوائز ایک اعلی معیار کا پروگرام ہے، تاہم مستقبل میں اصلاح کی گنجائش پائی جاتی ہے۔

**ایجوکیشن اسکاٹ لینڈ کے تشخیص کاران نے بگ نوائز کی بابت یہ کہتے ہوئے تاثر فراہم کیا ہے کہ بگ نوائز درج ذیل کے ضمن میں اسکولوں کے ساتھ مزید مربوط ہو کر کام کر سکتی ہے:**

- بچوں کو اس ضمن میں رائے ظاہر کرنے کا مزید موقع دینا کہ وہ بگ نوائز میں کیسے اور کیا سیکھتے ہیں
- بگ نوائز میں بچوں کی کامیابیوں اور آموزش کی تشخیص اور اس کے بارے میں اساتذہ اور والدین کو دی جانے والی معلومات کو بہتر بنانا
- مستقبل میں ریپلوچ کے اندر برادری کی دیگر تنظیموں کے ساتھ زیادہ مضبوط اور مزید کار آمد رابطے بنانا۔

**GCPH ان نتائج سے اتفاق کرتا ہے اور اس نے سسٹیما اسکاٹ لینڈ بورڈ کے غور کرنے کے لئے مزید مواقع کی شناخت کی ہے۔ یہ ہیں:**

- بچوں اور نو عمر لوگوں کو ان چیزوں کی نوعیت کے بارے میں اور زیادہ وسیع تر انتخاب فراہم کرنا جو وہ بگ نوائز میں کر سکتے ہیں، بالخصوص جب وہ اور بڑے ہوں۔
- برابر اس کا جائزہ لینا کہ بگ نوائز میں کون شرکت کر رہا ہے اور کون نہیں؛ GCPH نے شناخت کی ہے کہ اضافی تعاون کی ضروریات رکھنے والے بچے اور نو عمر لوگ، نسلی اقلیت سے تعلق رکھنے والے بچے اور نو عمر لوگ اور لڑکوں اور نوجوان مردوں کے لئے بگ نوائز میں شرکت کرنے کا کم امکان پایا جاتا ہے جب کہ نوجوان لڑکیوں کے لئے زیادہ ممکن ہے کہ وہ اس پروگرام میں آنا بند کر دیں۔ ان طریقوں کو سمجھنے سے بگ نوائز میں ایک مخصوص گروپ کی شمولیت کی حوصلہ افزائی کرنے کے لئے مرتکز کارروائیاں کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔
- بگ نوائز میں، مثال کے طور پر بالغان کے آرکسٹرا میں نمائندگی یا شرکت کرتے ہوئے، اور بھی زیادہ شمولیت اختیار کرنے کے لئے، مختصر مدت میں ان گھرانوں اور دیگر بالغان کی حوصلہ افزائی کرکے جو علاقہ میں رہتے ہیں، موجودہ والدین اور سرپرستوں اور وسیع تر برادری کے ساتھ مزید وابستگی کو فروغ دینا۔
- آئندہ سالوں میں نمائندگی، ملازمت کی تقرری، تعلیم اور تربیت سے متعلقہ تنظیموں کے ساتھ زیادہ مضبوط تعلقات بنانا۔

- بگ نوائز کے مراکز کے نظم و ضبط میں برادری، والد/والدہ یا سرپرست کی شرکت کی سطح کو بڑھانا۔

**GCPH نے اسکاچستانی حکومت سے کچھ چیزوں کی سفارش بھی کی ہے، جو ہیں:**

- رقم مہیا کرنے والی تنظیموں، مقامی مقتدرہ اور اسکاچستانی حکومت کو جاننا چاہئے کہ بگ نوائز متعدد طریقوں سے بچوں اور نو عمر لوگوں کو فائدہ پہنچاتی ہے۔ یہ انہیں تاحیات فائدہ پہنچا سکتی ہے جو کسی علاقہ کے اقتصادی اور طبی پروفائل کو بہتر بنا سکتی ہے۔

- بگ نوائز جیسے منصوبہ جات کے اثرات کی مناسب تشخیص کرنے کے لئے جس نوعیت کی تشخیص درکار ہے اس میں دسیوں سال لگتے ہیں اور ان کے لئے رقم کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ سسٹیما اسکاٹ لینڈ جیسے رفاہی اداروں کے پاس مناسب طریقہ سے یہ تحقیق کرنے کے لئے کافی حد تک رقم نہ ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ علاقہ میں پائی جانے والی دیگر تنظیمیں جیسے مقامی مقتدرہ اور NHS مدد کر سکتی ہیں۔ اس کا مطلب ہو گا کہ یہ تنظیمیں اس تحقیق پر مل کر کام کریں اور اس معلومات کو اور زیادہ مؤثر طریقہ سے بانٹیں اور استعمال کریں جو وہ بچوں اور نو عمر لوگوں کے بارے میں اکٹھا کرتی ہیں۔

- بگ نوائز جیسے پروگراموں کے لئے عام طور پر رقم کی فراہمی مختصر مدت، مثال کے طور پر ایک یا دو سال، کے لئے ہوتی ہے۔ یہ تشخیص واضح کرتی ہے کہ بچوں اور نو عمر لوگوں پر بگ نوائز کا زیادہ سے زیادہ اثر پڑنے کے لئے انہیں اس پروگرام میں کئی سالوں تک – مثالی طور پر چلنا پھرنا سیکھنے کی عمر سے سیکنڈری اسکول چھوڑنے کی عمر تک – حصہ لینا چاہئے۔ سسٹیما اسکاٹ لینڈ بہت سالوں تک بگ نوائز کو چلانے کے تئیں عہد بستہ ہے لیکن، صرف رقم کی فراہمی ہی نہیں، اس میں متعدد رکاوٹیں پائی جاتی ہیں۔ بگ نوائز جیسے طویل مدتی طریق کار کو تعاون دیئے جانے کی ضرورت ہوتی ہے اور طویل مدتی رقم کی فراہمی کار آمد ہوگی۔

**اگر آپ اس تشخیص کے بارے میں مزید معلومات چاہتے ہیں تو برائے مہربانی: www.gcph.co.uk**

**دیکھیں یا اس پر کال کریں: 0141 330 2747**



Glasgow Centre for Population Health

www.gcph.co.uk